اعلیٰحضرت عظیم البرکت الشاہ احمد رضا خاں پر کتاب مستطاب

حیاتِ اعلیٰحضرت

تالیف لطیف

ملک العلماء مولانا ظفر الدین قادری رضوی

ترتیب وتہذیب

پیرزادہ اقبال احمد فاروقی

مکتبہ نبویہ

گنج بخش روڈ ۔ لاہور

اعلیحضرت عظیم البرکت الشاہ احمد رضا خاں پر کتاب مستطاب

حیاتِ اعلیٰحضرت

تالیف لطیف

ملک العلماء مولانا ظفر الدین قادری رضوی

ترتیب و تہذیب

پیرزادہ اقبال احمد فاروقی

مکتبہ نبویہ ◎ گنج بخش روڈ ◎ لاہور

Marfat.com

......☆☆☆......

نام کتاب	حیاتِ اعلیٰ حضرت
نام مؤلف	ملک العلماء محمد ظفر الدین قادری رضوی رحمۃ اللہ علیہ
موضوع کتاب	اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کی زندگی کے حالات
سال تصنیف	۱۹۳۸ء
سال طباعت جلد اول	۱۹۶۰ء
سال طباعت مکمل	۲۰۰۳ء
مقدمہ	ڈاکٹر مختار الدین احمد علی گڑھ (انڈیا)
ترتیب نو وتہذیب تازہ	پیرزادہ اقبال احمد فاروقی ایم۔ اے
تالیف سے طباعت تک	پیرزادہ اقبال احمد فاروقی ایم۔ اے
حروف چینی	محمد عالم مختار حق
کمپوزنگ	عزیز کمپوزنگ سنٹر دربار مارکیٹ لاہور 7236056
صفحات	۱۰۸۰
ناشر	مکتبہ نبویہ۔ گنج بخش روڈ لاہور
تقسیم کار	مکتبہ نبویہ، مرکزی مجلسِ رضا لاہور
قیمت اعلیٰ ایڈیشن	۵۰۰ روپے
کوڈ نمبر	2M63

ملنے کے پتے

☆ ادارہ تحقیقات امام احمد رضا جاپان مینشن ریگل چوک کراچی

☆ افکارِ رضا ۱۶۷ ڈم ٹم کر روڈ بمبئی (انڈیا)

☆ اجمیری بک ڈپو ۱۶۷ ڈم ٹم کر روڈ بمبئی (انڈیا)

☆ ماہنامہ ''کنز الایمان'' ٹیا محل شاہ جہانی مسجد دہلی (انڈیا)

مرکزی مجلس رضا کے اراکین اور جہان رضا کے معاونین نصف ہدیہ ادا کریں گے

Marfat.com

اولاد رسول محمد میاں صاحب سجادہ نشین خانقاہ قادریہ برکاتیہ قاسمیہ مدظلہ العالی نے میری طلب پر روانہ فرمایا ہے۔

علم جفر میں کمال:

ایک دن نواب وزیر احمد خاں صاحب ایک کتاب جس میں انہوں نے تعریفات اشیا لکھی تھیں، اعلیٰ حضرت مدظلہ العالی کو بغرض اصلاح سنا رہے تھے، علم جفر کی تعریف سناتے وقت حضور نے فرمایا آپ نے علم زائچہ کی تعریف نہ لکھی، یہ علم جفر ہی کا ایک شعبہ ہے۔ اس میں جواب منظوم عربی زبان میں بحرِ طویل اور حرف ل کی روی میں آتا ہے اور جب تک جواب پورا نہیں ہوتا مقطع نہیں آتا۔ جس کو صاحب علم کی اجازت نہیں ہوتی نہیں آتا۔ میں نے اجازت حاصل کرنا چاہی اس میں کچھ پڑھا جاتا ہے، جس میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خواب میں تشریف لاتے ہیں۔ اگر اجازت عطا ہوئی حکم مل گیا ورنہ نہیں۔ میں نے تین چار روز پڑھا۔ تیسرے روز خواب میں دیکھا ایک وسیع میدان ہے اور اس میں ایک بڑا پختہ کنواں ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں اور چند صحابہٗ کرام بھی حاضر ہیں۔ جن میں سے میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہچانا۔ اس کنوئیں میں سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہٗ کرام پانی بھر رہے ہیں۔ اس میں سے ایک بڑا تختہ نکلا کہ عرض میں ڈیڑھ گز اور طول میں دو گز ہوگا۔ اور اس پر سبز کپڑا چڑھا ہوا ہے جس کے وسط میں سفید روشن بہت جلی قلم سے ۱۵ ذا اسی شکل میں لکھے ہوئے تھے۔ جس سے میں نے یہ مطلب نکالا اس کا حاصل کرنا ہذیان فرمایا جاتا ہے۔ اس سے بقاعدہ جفر اذن نکل سکتا تھاہ کو بطور صدر مؤخر آخر میں رکھا، اس کے عدد ۵ ہیں۔ اب وہ اپنی پہلی جگہ سے ترقی کرکے دوسرے مرتبہ میں آ گئی، اور پانچ کا دوسرا مرتبہ پانچ دہائی ہے یعنی پچاس۔ جس کا حرف ن ہے یوں اذن سمجھا جاتا مگر میں نے اس طرف التفات نہ کیا اس فن کو چھوڑ دیا کہ ھذ کے معنی ہیں۔ ''فضول بک''

ظہور مہدی پر ایک گفتگو:

ملفوظات حصہ اول میں ہے کسی نے عرض کیا قیامت کب ہوگی اور ظہور امام مہدی

Marfat.com